9RXGTI

# سکّے اور نوٹ

✦ نیچے دیے ہوئے نوٹوں کی تصویر دیکھو۔ ان کی قیمت چوکونوں میں لکھو۔



اس نوٹ کی قیمت ____ روپے ہے۔



اس نوٹ کی قیمت ____ روپے ہے۔



اس سکّے کی قیمت ____ روپے ہے



اس سکّے کی قیمت ____ روپے ہے۔

✦ خالی چوکون میں کل رقم (قیمت) لکھو۔



٦٥٠ روپے



____ روپے



____ روپے



33 CMYK

اکرم : میرے پاس تین نوٹ ہیں۔ ان کی کل قیمت ۷۵ روپے ہے۔

سلمٰی : میرے پاس بھی ۷۵ روپے ہیں لیکن میرے پاس ۵ نوٹ ہیں۔

اکرم : یہ کیسے ہوسکتا ہے؟

اکرم کے پاس کے نوٹ اس طرح ہیں۔



کل ☐ روپے

اور سلمٰی کے پاس کے نوٹ اس طرح ہیں۔



کل ☐ نوٹ

یعنی دونوں کی بات صحیح ہے۔

ذاکر : میرے پاس ۱۰۰ روپے کا ایک نوٹ، ۲۰ روپے کے ۴ نوٹ اور ۱ روپے کے ٦ سکّے ہیں تو میرے پاس کل کتنے روپے ہیں؟



راجو : یعنی کل ۱۸٦ روپے ہیں۔

زاہدہ : میرے پاس ۴ نوٹ ہیں۔ ان کی کل قیمت ۱۷۰ روپے ہے تو وہ کون سے نوٹ ہیں؟

₹ ۱۰۰ ₹ ۵۰ ₹ ۱۰ ₹ ۱۰

✦ کیا ۱۷۰ روپے کسی اور طریقے سے ۴ نوٹوں کی مدد سے دے سکتے ہیں؟

☐ ☐ ☐ ☐

اساتذہ کے لیے: طلبہ کو کارڈ پر عدد لکھ کر نوٹ بنانے کے لیے کہا جائے اور ان کی مدد سے کھیل کھلایا جائے۔